St George's University Hospitals NHS
NHS Foundation Trust

یورو گائنا کالوجی سب اسپیشلیاٹی سروس **(Urogynaecology Subspecialty Service)** پر عوامی مشاورت

**.1** تعارف

سینٹ جارج یونیورسٹی اسپتال کے نیشنل ہیلتھ سروس (NHS) فاؤنڈیشن ٹرسٹ (SGUH) کے ذریعے فراہم کردہ یورو گائنا کالوجی سب اسپیشلیاٹی سروس کو بروز پیر، 8 جون 2015، سے معطل کر دیا گیا ہے۔ اس دستاویز کا مقصد معطلی کے اسباب اور مستقبل میں اپنے مریضوں کو یہ سروس فراہم کرنے کی پیشکشوں کا تعین کرنا ہے۔

**.2** پیشکش کا پس منظر
یورو گائنا کولوجی پیلویک فلور ڈسفنکشن کی حامل خواتین کے منیجمنٹ کی سب اسپیشیالٹی یورو گائنا کولوجی سروس ہے۔ SGUH خواتین کی سروسز کے ڈائریکٹوریٹ کے اندر سب اسپیشیالٹی کے طور پر تیسرے درجے کے ایک شدید کنسلٹینٹ یورو گائنا کولوجسٹ کی قیادت والی سروس فراہم کرتا ہے۔

SGUH پر مندرجہ ذیل کیفیات کا علاج کیا جاتا ہے

شدید ثانوی کیفیات:
- فضلے یا پیشاب کو روکنے کی قوت ختم ہونے اور اعضا کے عمل تنزل کا ابتدائی مرحلہ
- فضلے یا پیشاب کو روکنے کی قوت ختم ہونا اور اعضا کے عمل تنزل کا بار بار ہونا
- بچے کی پیدائش کے بعد پیلوک فلور کے مسائل کی تیسرے درجے کی شدید کیفیات:
- مشترکہ پیلوک فلور کلینک
- پیچیدہ علم البول (یورولوجی)
- نیورو-یورولوجی
- ماہر امراض اطفال بالغ گائنا کولوجی

سروس کی فراہمی اور تعاون بذریعہ

1 x کلینیکل لیڈ (جز وقتی)
2 x کنسلٹنٹس (کل وقتی)
1 x ایسوشئیٹ ماہر (کل وقتی)
2 x کلینیکل فیلو (کل وقتی)
2 x کلینیکل نرس ماہر (کل وقتی)
3 x منتظمین (کل وقتی)

**.3** تبدیلی کی وجہ
وہ اہم تشویش جس نے اس پیشکش کو سہارا دیا، وہ مریض کی نگہداشت کی محفوظ ڈلیوری کے تعاون کے لئے کلینیکل نگراں انتظامات میں سے ایک ہے۔

2014 کی ابتداء میں، کرائیڈن یونیورسٹی اسپتال این ایچ ٹرسٹ (CUH) کے ایک سنیئر مشیر یورو گائناکالوجسٹ کو کلینیکل ڈائریکٹر (CD) کے طور پر اکائی کو قیادت فراہم کرنے، اکائی کی برٹش سوسائٹی آف یورو گائناکالوجسٹ (BSUG) کے ایپلی کیشن کا تعاون کرنے اور صف اول کے ایک ماہر اورقابل احتساب فیصلہ ساز کے طور پر کام کرنے کی جز وقتی ذمہ داری سونپی گئی۔

مئی 2015 میں کلینیکل ڈائریکٹر کے جانے کے سبب سروس کو سہارا دینا ممکن نہ رہا۔ ٹیم اپنا BSUG (برٹش سوسائٹی آف یورو گائناکالوجسٹ) ایپلی کیشن بھی پُر کرنے سے قاصر رہی۔ BSUG ایکریڈیشن کو بہترین طریقہ کارخیال کیا جاتا تھا۔

NICE 2013 اِن کنٹینینس گائیڈ لائنس تجویز پیش کرتی ہے کہ ضرورت سے زیادہ فعال بلیڈر اور اسٹریس یورینری اِن کنٹینینس کے لئے تمام متجاوز علاج پر، علاج سے قبل اعلی ترین انتظام کو یقینی بنانے میں مدد دینے کے لئے، MDT (ملٹی ڈسپلنری ٹیم) میں تبادلہ خیال ہونا لازمی ہے۔ ایک خارجی CD کی عدم موجودگی میں، اور شعبے میں جاری کلینیکل نگرانی، قیادت اور رشتے کے معاملات کی

قرارداد کے بغیر، یہ واضح ہے کہ اکائی کی مناسب قیادت اور مقامی MDTکے موثر عہدے کو آگے لے جانے کے لئے داخلی طور پر کوئی صف اول کا کلینیشین نہیں ہے۔

خواتین کی سروسز کے ڈائریکٹوریٹ نےکلینیکل قیادت کا کردار ادا کرنے کی خاطر تقرری کے لئے شمال مغربی لندن کے خطے میں ایسے کنسلٹنٹ یورو گائناکالوجسٹوں کے متبادل پول کا تجزیہ کیا جو خاطر خواہ تجربے کے مالک اور سنیئر تھے، تاہم کسی موزوں جانشین کی شناخت نہیں کی جا سکی۔ ایک سنیئر کلینیکل قیادت کے بغیر، سروس میں کوئی سنیئر کلینیکل اوورویو نہیں ہے اور اس کے بغیر ایک ایسے فعال ملٹی ڈسپلنری ٹیم (MDT) کی ضروریات کو پورا نہیں کیا جا سکتا جہاں علاج کی منصوبہ بندی ہوتی ہے، اس پر تبادلہ خیال اور اقرار ہوتے ہوں۔ اسلئے، اس کے سبب ایک کلینیکل نگرانی کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے اور یہ موجودہ رہنما خطوط سے مطابقت نہیں رکھتا ہے۔

اسی لئے، ٹرسٹ کو نئے ریفرلز کے لئے سروس معطل کرنے اور پیر، 8 جون 2015 سے اس وقت تک مریضوں کے لئے ایک ایسا متبادل نگہداشت کنندہ فراہم کرنے کا انتہائی غیر عام فیصلہ لینا پڑا جو اختیارات اور سروس کے مکمل تجزیے تک انہیں اپنی خدمات بہم پہنچا سکے۔

**4.** سروس کی معطلی

اس بات کے پیش نظر کہ کلینیکل سربراہ متصل ٹرسٹ میں قیام کرتے تھے، یہ فیصلہ کیا گیا کہ نگہداشت کا سلسلہ جاری رکھنے کے لئے بہترین اختیار سروس کو CUH میں منتقل کرنا تھا۔ CUH پر یورو گائناکالوجی کی سب اسپیشیالٹی نے اپنا BSUG ایکری ڈیشن حاصل کر لیا ہے اور کا اسٹافنگ ماڈل مختلف اور زیادہ موزوں ہے۔

سروس نے معطلی سے متاثر تمام مریضوں سے رابطہ قائم کیا ہے اور انہیں ان کی نگہداشت کو CUH پر منتقل کرنے کی پیشکش کی ہے۔ سروس کو مریضوں کو جانب سے کئی خطوط موصول ہوئے جن میں انہوں نے SGUH تک اپنے موجودہ کے حوالے سے CUH کے مقام کے تعلق سے اپنی تشاویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنی نگہداشت کو CUH میں منتقل نہ کرنے کی خواہش رکھنے والے مریضوں کو اس خطے میں متبادل نگہداشت کنندگان کی تجویز پیش کی گئی ہے جہاں انہیں جنرل پریکٹیشنر (GP) کے توسط سے ریفرل کیا جا سکتا ہے۔ CUH میں نگہداشت کے پرویژن کے تعلق سے کوئی تشویش رجسٹر نہیں کرائی گئی ہے اور ٹرسٹ دوبارہ اس بات کی یقین دہانی کراتا ہے کہ اچھے معیار کی ایک متبادل سروس کا اہتمام کر لیا گیا ہے۔ CUH میں نگہداشت کی منتقلی کے تعلق سے کوئی سنگین واقعہ رجسٹرڈ نہیں کیا گیا ہے۔

**5.** عملے کی مشاورت

سروس کے تجزیے پر عمل کرتے ہوئے مندرجہ ذیل اختیارات پر غور کیا گیا:

- کچھ نہ کریں ۔ ہم اپنے مریضوں کے لئے جو عملہ پیش کرتے ہیں، ان کے معیار اور تحفظ پر سمجھوتہ کئے بغیر سب اسپیشیالٹی یورو گائنا کالوجی سروس کو دوبارہ شروع کرنے کو ایک قابل عمل اختیار نہیں سمجھا گیا۔
- کلینیکل ڈائریکٹر کا کل وقتی کردار ۔ دیگر سب اسپیشیالٹی اکائیوں کے مقابلے، کردار کی نگرانی کے احتساب کی ناقابل قبول امید کو، اس کردار میں تقرری کےلئے ایسے کسی فرد کی دستیابی اور متواتر ہونے والے مالی خسارے کے پیش نظر ایسے کردار کی خدمات جاری رکھنے سے پیدا ہونے والے لاگت کے دباؤ کے پیش نظر CD کے کل وقتی کردار کی تبدیلی کو ایک قابل عمل اختیار نہیں سمجھا گیا۔
- سب اسپیشیالٹی یورو گائنا کالوجی سروس بند کر دیں ۔ اسے پسندیدہ اختیار کے طور پر پیش کیا گیا۔

سب اسپیشیالٹی یورو گائنا کالوجی سروسز کو بند کرنے کے اختیار کو داخلی عملے کی مشاورت کے بعد ۔ ٹرسٹ کی تبدیلی انتظامیہ پالیسی کے تحت ۔ 29 جولائی 2015 سے 31 اگست 2015 تک مشمولہ، آگے بڑھایا گیا ۔

یہ پیشکش ایک اوپن میٹنگ میں براہ راست متاثر ہونے والے عملے کے دس اراکین اور ان کے نمائندوں کو پیش کی گئی۔ اس پیشکش کا ان پر اور شعبے پر کیا اثر پڑے گا، اس ضمن میں گفتگو کرنے کے لئے پانچ اراکین نے انفرادی میٹنگ کی درخواست کی۔

عملے کی مشاورت کے جواب میں، متاثرہ عملے کی جانب سے دو متبادل پیشکش جمع کی گئیں۔

i. یورو گائنا کالوجی سب اسپیشلیاٹی سروس قائم رہے گی، لیکن دونوں کنسلٹنٹ دو علیحدہ فرمس کے طور پر اوور آرچنگ گائناکالوجی سروس کی نگرانی کے تحت کام کریں گی۔

ii. یورو گائنا کالوجی سب اسپیشلیائی سروس کو ایک مربوط پیلوک فلور ڈس آرڈر اور کنٹیننس سروس میں کنفیگر کیا جائے گا۔ کلینیکل ڈائریکٹر کے نئے کردار کو یورو گائنا کالوجی اور خواتین کے یورولوجی نگہداشت گروپ میں دہری قیادت کے ساتھ قائم کیا جائے گا۔

عملے کی مشاورت سے حاصل کردہ نتائج

ان دونوں ہی متبادل پیشکشوں کو ٹرسٹ کی جانب سے قابل عمل اختیار ات کے طور پر تعاون حاصل نہیں ہوا۔ پیشکش (i) کو تعاون حاصل نہیں ہوا کیونکہ یورو گائنا کالوجی کی ایک سب اسپیشلیائی ہے، نہ کہ علاج کی ایک قسم اور اسلئے ایک علیحدہ کنسلٹنٹ فرم کے ماڈل کے تحت مریضوں کا انتظام قابل حصول نہیں ہے۔ ایک سب اسپیشیالٹی کے طور پر، یورو گائنا کالوجی کو نگرانی کے انفرادی انتظامات پر پورا اترنا چاہئے اور ایک علیحدہ اکائی کے طور پر کام کرنا چاہئے۔ پیشکش (ii) کو یورولوجی نگہداشت گروپ کا تعاون حاصل نہیں ہوا کیونکہ ایک نئی سروس شروع کرنے کے لئے ان کے پاس ضروری صلاحیت یا وسائل نہیں ہیں۔

سب اسپیشیالٹی ہنوز معطل ہے۔

## 6. نتیجہ اور پیشکش

یورو گائنا کالوجی کی سب اسپیشلیائی کے بارے میں سمجھا گیا کہ وہ ایک مناسب لاگت پر اعلی معیار کی سروسز فراہم کرنے والی ایک قابل عمل اکائی بننے کی اہل نہیں ہے۔ اسلئے یہ پیشکش کی گئی کہ اکائی کو بند کر دیا جائے اور سروس کے پروویژن کو CUH پر منتقل کر دیا جائے۔

## 7. عوامی مشاورت کا طریق کار

یہ پیشکش آپ کو ایک ایسے مریض استعمال کنندہ کے طور پر پیش کی جا رہی ہے جس نے اسپیشیالٹی کا استعمال کیا ہے /خارجی اسٹیک ہولڈر ہے تاکہ آپ کو ایک عوامی کنسلٹیشن طریقہ کار کے حصے کے طور پر جواب دینے کا موقع عنایت کیا جا سکے۔ مشاورت میں توسیع کر دی گئی ہے۔ اس کا آغاز 12 اکتوبر، 2015 کو ہوا اور اس کا اختتام 4دسمبر، 2015 (مشمولہ) کو ہوگا۔ تمام آراء ای میل کے ذریعے consultation@stgeorges.nhs.uk پر روانہ کیا جانا چاہئے۔ براہ کرم موضوع کے خانے میں ’یورو گائنا کولوجی‘ شامل کریں۔

## 8. نفاذ کا طریق کار اور نتیجہ

اس مدت کے دوران پیشکش کے جواب میں موصول کسی بھی رائے پر خاطر خواہ غور کیا جائے گا۔ اس کا مقصد مشاورت کو شامل حال کرنا اور جنوری 2016 میں عملے اور عوام کے سامنے نتیجہ پیش کرنا ہے۔